مالی مشکلات سے نجات، نوکری کے حصول، کاروبار میں ترقی اور غنی ہونے کے لیے چند اعمال

۱۔ اکثر صلٰوۃ الحاجت پڑھ کر اپنے تمام مقاصدِ حسنہ کیلئے دعا کریں۔

۲۔ گھر میں جب داخل ہوں تو بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ پڑھ کر سیدھا پیر رکھ کر جائیں اور تین اعمال کریں۔

- پورا سلام کریں ذرا بلند آواز سے چاہیے کوئی ہو یا نہ ہو۔ السَّلَامُ عَلَيۡكُمۡ وَ رَحۡمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ
- نبی کریم ﷺ پر ایک مرتبہ سلام پڑھیں ۔ السَّلَامُ عَلَيۡكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَ رَحۡمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ (آواز سے ضروری نہیں)
- ایک بار سورۃ اخلاص پڑھیں ۔ (آواز سے ضروری نہیں)

یہ غنی ہونے کا عمل نبی کریم حضرت محمد مصطفی ﷺ نے اپنے ایک صحابی رضی اللہ عنہ کو مالی مشکلات کی شکایت پر بتایا تھا جس پر عمل کرنے کے بعد وہ آئے اور کہا یا رسول ﷺ اللہ جل جلالہ نے مجھے اتنا رزق عطا کیا کہ اب میں اپنے ہمسایوں اور رشتہ داروں میں تقسیم کر رہا ہوں۔

۳۔ جمعہ کو عصر اور مغرب کے درمیان اول و آخر درودِ ابراہیمی گیارہ بار کے ساتھ صلیٰ اللہ علیہ والہ وسلم ایک ہزار بار پڑھ کر دعا کریں۔اجتماعی یا انفرادی جیسے آسانی ہو باوضو باادب پڑھیں۔ حدیث نبوی ﷺ کا مضمون ہے کہ " جمعہ والے دن مغرب سے تھوڑی دیر پہلے وقتِ قبولیت ہوتا ہے"۔

۴۔ بعد نمازِ فجر یا مجبوری میں کسی بھی وقت یٰسین شریف ایک بار پڑھ کر دعا کریں روزانہ۔

اہم ہدایات کامل نفع کے لیے؛

☆ پانچ وقت کی فرض نمازوں کا باجماعت مسجد میں ادا کرنے کا اہتمام کریں خاص کر فجر کی۔

☆ گھر میں ظاہر آکسی جاندار کی تصویر نہ ہو کیونکہ حدیثِ نبوی ﷺ کا مفہوم ہے کہ " جہاں کسی جاندار کی تصویر اور کتا ہو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے"، آپ ﷺ ایسے گھر میں داخل ہی نہیں ہوتے تھے جہاں تصاویر لگی ہوتیں تھی۔

☆ گناہوں سے بچنے کا خوب اہتمام کریں اللہ کا وعدہ ہے: جو شخص بھی تقویٰ اختیار کرے گا اسے ایسی جگہ سے رزق دیں گے جہاں اس کے وہم وگمان میں بھی نہیں ہو گا۔

☆ یہ بات ذہین نشین کر لیں قرآنِ پاک کی تلاوت یا ذکر اللہ وغیرہ جو بھی پڑھیں پہلے اللہ کی رضا اور اسکی خوشی کیلئے پڑھیں بعد میں جو بھی حاجات ہوں وہ دربارِ مولا میں عاجزی اور دردِدل کیساتھ پیش کردیں انشاءاللہ نامراد نہیں رہیں گے۔

☆ حسب استطاعت مفلس نادارلوگوں کو صدقہ یا زیادہ بہتر یہ ہے کہ کسی مدرسے میں جہاں یتیم بچے قرآن پاک کی تعلیم حاصل کر رہے ہوں وہاں دیں۔

سیّد سرور حسین نقوی عفا اللہ عنہ

خلیفہ مجاز بیعت

شیخ العرب والعجم عارف باللہ مجدد زمانہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب رحمۃ اللہ علیہ

خانقاہِ بصیریہ

www.wilayatkaraasta.com

Contact: 0332 0246369 / 0342 2263117